**28.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلیم احمد

**Music**

-------------------------------

☆ امریکہ اور اسرائیل نے ایران پر حملہ کردیا ہے۔ اسرائیل نے ملک میں ہنگامی حالات کا اعلان کیا ہے۔

☆ بھارت نے اسرائیل میں موجود تمام بھارتی شہریوں کو انتہائی احتیاط برتنے کی ہدایت جاری کی ہے۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے راجستھان کے اجمیر سے 14 سال تک کی عمر کی لڑکیوں کیلئے Cervical کینسر سے بچاؤ کے قومی HPV ٹیکہ کاری پروگرام کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مہم ملک کی خواتین کو بااختیار بنانے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔

☆ جناب مودی نے اجمیر میں 16 ہزار 680 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگِ بنیاد رکھا۔

☆ DRDO نے اڈیشہ کے چاندی پور میں مربوط آزمائشی رینج سے کم دوری کے فضائی دفاعی نظام کی تین مسلسل کامیاب آزمائش کی۔

☆ اور مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں، آج شام سری لنکا کے Pallekele میں Super 8 مرحلے کے مقابلے میں سری لنکا کا سامنا پاکستان سے ہوگا۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**ISRAEL-IRAN**

اسرائیل اور امریکہ نے آج ایران پر حملے کئے ہیں۔ راجدھانی تہران سمیت ایران کے متعدد شہروں میں دھماکوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر جاری 8 منٹ کی ایک ویڈیو میں تصدیق

کی ہے کہ واشنگٹن نے، ایران میں فوجی کارروائی کا آغاز کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی فوج ایک وسیع کارروائی کررہی ہے تاکہ موجودہ ایرانی حکومت کو امریکہ اور اُس کے قومی سلامتی کے مفادات کیلئے خطرہ بننے سے روکا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِن حملوں کا مقصد امریکی عوام کا دفاع کرنا ہے اور ایرانی حکومت کی جانب سے لاحق فوری خطرات کوختم کرنا ہے۔

صدر ٹرمپ کے مطابق ایران کی جارحانہ سرگرمیاں براہ راست امریکہ، اُس کے فوجیوں ، بیرونِ ملک واقع فوجی اڈوں اور دنیا بھر میں موجود اُس کے اتحادیوں کیلئے خطرہ ہیں۔ اسرائیل کے وزیرِ دفاع Israel Katz نے کہا کہ اُن کے ملک نے ایران کے خلاف پیشگی حملہ کیا ہے اور ملک بھر میں ہنگامی صورتحال نافذ کردی گئی ہے۔ یہ حملے ایسے وقت میں ہوئے ہیں، جب امریکہ اور ایران کے درمیان ممکنہ نیوکلیائی معاہدے کے حوالے سے کشیدگی میں اضافہ ہورہا تھا اور مغربی ایشیا میں وسیع فوجی ٹکراؤ کے خدشات بڑھ رہے تھے۔x

## MEA-ISRAEL ADVISORY

بھارت نے اسرائیل میں موجود سبھی بھارتی شہریوں کیلئے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے، جس میں ان پر زور دیا گیا ہے کہ وہ خطے میں سکیورٹی کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر ہر وقت انتہائی چوکسی برتیں اور حفاظتی تدابیر اختیار کریں۔ اسرائیل میں بھارتی سفارت خانے نے اپنی ایڈوائزری میں بھارتی شہریوں سے کہا ہے کہ وہ حفاظت سے متعلق رہنما خطوط اور اسرائیلی حکام کی جانب سے جاری ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔ اس کے علاوہ ان سے مقامی خبروں، سرکاری اعلانات اور ایمرجنسی الرٹ پر قریبی نظر رکھنے کیلئے بھی کہا گیا ہے۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں، بھارتی شہری تل ابیب میں بھارتی سفارت خانے سے چوبیس گھنٹے کام کرنے والی ہیلپ لائن پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔

ہیلپ لائن نمبر ہے : پلس نو ساتھ دو ساتھ پانچ دو صفر سات ایک ایک، اور ای میل ایڈریس ہے : cons1.telaviv@mea.gov.in ۔

## PM-RAJASTHAN VISIT

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے 14 سال تک کی عمر کی لڑکیوں کیلئے Human Papilloma وائرس HPV ٹیکہ کاری کیلئے ملک گیرمہم کا آغاز کیا۔ اِس اقدام کا مقصد Cervical کینسر کی روک تھام ہے، جو خواتین میں کینسر سے متعلق بیماریوں کی بڑی وجوہات میں شامل ہے۔ یہ مہم ملک بھر کی لڑکیوں اور خواتین کیلئے طویل مدتی صحت کو یقینی بنانے کی سمت ایک اہم سنگِ میل ہے۔

اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے کہا کہ یہ مہم ملک کی ناری شکتی کو بااختیار بنانے کی خاطر ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب گھر میں ماں بیمار ہوجاتی ہے تو پورا گھر بکھرا ہوا محسوس کرتا ہے لیکن اگر ماں صحت مند

ہو تو خاندان ہر بحران کا سامنا کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِسی جذبے کے ساتھ BJP حکومت، خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے کئی اسکیمیں چلا رہی ہے۔

**SB - PM -VACCINATION**

وزیرِ اعظم نے اِس موقع پر 16 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا، سنگِ بنیاد رکھا اور انہیں ملک کے نام وقف کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ BJP کی ڈبل انجن سرکار، راجستھان کی وراثت اور ترقی کو ساتھ لے کر چل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ BJP حکومت کے دور میں راجستھان میں Paper Leak کے واقعات پر قابو پایا گیا ہے اور قصور واروں کے خلاف سخت کارروائی کی گئی ہے۔

**S/B PM ON Paper leak**

وزیرِ اعظم کی موجودگی میں پانچ لڑکیوں کو HPV ویکسین لگاکر اِس مہم کا آغاز کیا گیا۔ اس موقع پر راجستھان کے وزیرِ اعلیٰ بھجن لال شرما بھی موجود تھے۔ ٹیکہ کاری کے بعد وزیرِ اعظم نے لڑکیوں سے بات چیت بھی کی۔ HPV ٹیکہ کاری مہم کا آغاز اجمیر سے کیا گیا۔ x

**<u>PM-GUJRAT VISIT</u>**

وزیراعظم نریندر مودی آج سہ پہر گجرات کا دورہ کریں گے۔ وہ سانند میں، مائیکرون ٹیکنالوجی کی جدید ترین سیمی کنڈکٹر اسمبلنگ، جانچ اور پیکیجنگ کے مرکز کا افتتاح کریں گے۔ یہ اہم تقریب، پہلے میک ان انڈیا سیمی کنڈکٹر Memory Modules کو، باقاعدہ طریقے سے، کمرشل طورپر تیار کرنے کے سلسلے میں منعقد کی جا رہی ہے۔
الیکٹرونکس اور آئی ٹی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو بھی اس موقعے پر موجود ہوں گے۔ آج مائیکرون کی سانند فیکٹری کا افتتاح، بھارت کی ٹیکنالوجی کے ایکو نظام میں ایک بڑی پیشرفت ہے۔ اِس مرکز پر 22 ہزار 500 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئی ہے اور یہ پروجیکٹ، انڈیا سیمی کنڈکٹر مشن کے تحت منظور شدہ پہلی تجویز پر مبنی ہے۔×

**<u>PM-SCIENCE DAY</u>**

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کی ترقی اور عالمی بہبود کے مقصد سے، آج نوجوانوں کو بااختیار بنانے، تحقیق کے ایکونظام کو مستحکم بنانے اور سائنس و ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کے عزم کو دوہرایا ہے۔ سائنس کے قومی دن کے موقعے پر اپنے پیغام میں جناب مودی نے کہا ہے کہ لوگ تحقیق، اختراع اور سائنسی تجسس کے جذبے کا جشن منا رہے ہیں، جس سے قوم آگے بڑھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن سی وی رمن کی طرف سے دریافت کیے گئے Raman Effect کی یاد میں منایا جاتا ہے، جس کی وجہ سے بھارت کا تحقیقی کام عالمی سطح پر نمایاں ہوا۔×

**WB VOTER LIST**

مغربی بنگال میں نامکمل حتمی ووٹر لسٹ کی اشاعت شروع ہوگئی ہے۔ لسٹ کو آن لائن پوسٹ کئے جانے سے پہلے ہی، بوتھ کی سطح کے افسران کے ذریعہ اِسے عوام کے ساتھ شیئر کیا جاچکا ہے۔ مختلف ضلعوں میں ناموں کی فہرستیں پوسٹ کی جارہی ہیں۔ انتخابی کمیشن نے یقین دہانی کرائی ہے کہ لسٹ، بہت جلد اس کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب کرائی جائے گی۔

تازہ ترین فہرستوں کی ہارڈ کاپیاں Bankura اور کوچ بہار سمیت سبھی ضلعوں میں دستیاب کرادی گئی ہیں۔ حالانکہ آخری خبریں ملنے تک انتخابی کمیشن کے نامزد پورٹلس اور موبائل ایپلی کیشن پر انہیں ابھی تک ان لائن دستیاب نہیں کرایا گیا ہے۔×

**VP-DU CONVOCATION**

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج کہا کہ آتم نربھرتا، دراصل جدت طرازی، پیداوار، تحقیق اور حل تیار کرنے کی صلاحیت کا نام ہے۔ وہ آج دلّی یونیورسٹی کے 102 ویں جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے یونیورسٹیوں پر زور دیا کہ وہ تحقیق، کاروباری سرگرمیوں اور گھریلو علمی نظام کے فروغ کا مرکز بنیں۔

انہوں نے کہا کہ وِکست بھارت کا مطلب جامع ترقی، تکنیکی قیادت، سماجی ہم آہنگی، ماحولیاتی پائیداری اور شفاف و جوابدہ ادارے ہیں۔ جناب رادھا کرشنن نے فارغ التحصیل طلبہ کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ وہ 2047 کے بھارت کی تشکیل میں اہم رول ادا کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آتم نربھر بھارت اور وِکست بھارت کا خواب ان کی دیانت داری، صلاحیت، ہمدردی اور اختراعی جذبے پر منحصر ہوگا۔ انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ 50 فیصد سے زیادہ گریجویٹس اور 70 فیصد سے زیادہ گولڈ میڈلسٹ خواتین ہیں۔×

**DRDO-AIR DEFENCE SYSTEM**

بھارت کے دفاعی تحقیق اور ترقی کی تنظیم DRDO نے اُڈیشہ کے ساحل کے نزدیک چاندی پور کے مقام پر مربوط تجرباتی مرکز سے بہت مختصر دوری کے فضائی دفاعی نظام کی تین تجرباتی پروازوں کا کامیابی سے انعقاد کیا۔

وزارت دفاع نے کہا ہے کہ مختلف رفتار، فاصلوں اور اونچائی پر تیز رفتار فضائی خطرات سے نمٹنے میں VSHORADS میزائل نظام کی صلاحیت کی ازسر نو تصدیق کرنے کی غرض سے یہ تجربات کیے گئے تھے۔ اِن آزمائشی پروازوں کے دوران، میزائلوں نے دشمن کے تیز رفتار فرضی طیاروں کو درمیان میں ہی روک کر تباہ کردیا گیا۔×

**UNSG-AFGHAN PAK**

اقوامِ متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گتریس نے افغانستان اور پاکستان کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی پر گہری تشویش

کا اظہار کیا ہے اور فوری طور پر جنگ بندی کا مطالبہ کیا ہے۔ کل ایک پریس بریفنگ کے دوران، سکریٹری جنرل کے ترجمان Stephen Dujarric نے کہا کہ اقوامِ متحدہ کے سربراہ عام شہریوں پر تشدد کے حوالے سے اثرات کے حوالے سے سخت فکرمند ہیں۔ انہوں نے دونوں فریقوں پر زور دیا کہ وہ سفارتی ذرائع سے اپنے اختلافات کو حل کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اقوامِ متحدہ، تمام متعلقہ فریقوں سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ بین الاقوامی انسانی قوانین کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو پورا کریں، خاص طور پر عام شہریوں اور شہری تنصیبات کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔×

## CARNEY INDIA VISIT

کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی، بھارت اور کینیڈا کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے کیلئے بھارت کے 4 روزہ سرکاری دورے پر کل ممبئی پہنچے۔ اِس میں تجارت، توانائی اور مصنوعی ذہانت پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی۔ وہ آج ممبئی میں کاروباری رہنماؤں سے خطاب کریں گے۔ مختلف پروگراموں میں شرکت کرنے کے بعد وہ کل نئی دلّی روانہ ہوں گے، جہاں وہ وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر خارجہ ایس جے شنکر سے ملاقات کریں گے۔ دونوں وزرائے اعظم دو طرفہ تعلقات کو ازسرِ نو تشکیل دینے پر تبادلۂ خیال کریں گے، جس میں توانائی، تجارت اور CEPA سمجھوتے پر خاص توجہ دی جائے گی۔×

## ICC T-20 WC

مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں، آج سری لنکا کے Pallekele بین الاقوامی اسٹیڈیم میں گروپ دو کے ایک Super 8 میچ میں پاکستان کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔ بھارتی وقت کے مطابق میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔

کل رات کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں کھیلے گئے، گروپ دو کے ایک Super 8 میچ میں انگلینڈ نے نیو زیلینڈ کو 4 وکٹ سے ہرا دیا۔ جیت کے لئے نیو زیلینڈ کی طرف سے دیے گئے 160 رن کے نشانے کو انگلینڈ کی ٹیم نے 19 اوورس اور تین گیندوں میں 6 وکٹ کے نقصان پر 161 رن بناکر حاصل کرلیا۔ Will Jacks کو اُن کی آل راؤنڈ کارکردگی پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ کے سیمی فائنل میچ 4 اور 5 مارچ کو کھیلے جائیں گے اور فائنل میچ 8 مارچ کو کھیلا جائے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆